**CCE PR**

# Code No. 85-U

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( Urdu Version)**

**( New Syllabus )**

**( Private Repeater )**

**عام ہدایات :**

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اورموضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 57 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

v) طلبا پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی ( سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے )۔

vi) کثیر انتخابی (Multiple choice)، خالی جگھوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نا اہل سمجھا جائیگا۔

vii) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

viii) بائیں جانب کے حاشئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے **چار** متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چنیں اور ہر سوال کے سامنے مہیا کردہ جگہ میں اس کے حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. گروپ–***A*** کی فہرست میں شخصیت کے نام اور گروپ– ***B*** میں ان کے مناسب حقائق درج ہیں۔ جوڑ ملنے والے گروپ کو پہچانیں۔

| | گروپ–***A*** | | گروپ– ***B*** |
|---|---|---|---|
| (a) | فضل علی | (i) | ریاستوں کا الحاق |
| (b) | شیخ عبداللہ | (ii) | پہلے صدر |
| (c) | ڈاکٹر بابو راجندر پرساد | (iii) | ریاستی از سرنو تقسیمی کمیشن |
| (d) | سردار ولبھ بھائی پٹیل | (iv) | نیشنل کانفرنس پارٹی |

| | ***a*** | ***b*** | ***c*** | ***d*** |
|---|---|---|---|---|
| (A) | i | iii | iv | ii |
| (B) | iv | i | iii | ii |
| (C) | ii | i | iv | iii |
| (D) | iii | iv | ii | i |

2. چین میں ہونے والے درج ذیل واقعات میں سے کسے تاریخ عالم میں انتہائی غیر معمولی فوجی مشق کہا جاتا ہے ؟

(A) طویل کوچ (B) آگے کی چھلانگ

(C) ثقافتی انقلاب (D) جمہوریت کیلئے بغاوت

3. ہندوستان نے ناوابستہ خارجہ پالیسی اپنائی ہے۔جس کے معنی ہے ہندوستان

(A) امریکہ بلاک میں شامل ہوا

(B) دونوں بلاک کے ساتھ مساوی دوری رکھی

(C) روس بلاک میں شامل ہوا

(D) توسیع پسندانہ پالیسی اپنائی

4. اقوام متحدہ کے کس ادارے کو عالمی پارلیمنٹ کہا جاتا ہے ؟

(A) سیکریٹریٹ

(B) سلامتی کونسل

(C) جنرل اسمبلی

(D) ٹرسٹی شپ کونسل

5. ہندوستان کے دستور کا آرٹیکل 24 اہم ہے کیونکہ

(A) چھوت چھات کا خاتمہ ہے

(B) 14 سال تک کے بچوں کو تعلیم مفت اور لازمی قرار دیتا ہے

(C) جہیز کی ممانعت کرتا ہے


(D) چودہ سال سے کم عمر کے بچوں کو مزدوری پر لگانے کو قابل سزا جرم قرار دیتا ہے

6. اپریل اور مئی کے دوران اُ گائی جانے والی ترکاریاں اور دالیں کس کی بہترین مثال

(A) خریف کی فصلیں (B) ربیع کی فصلیں

(C) خستہ کاشتکاری (D) گذر بسر کی کاشت کاری

7. ذیل میں دی گئی ترجیحات میں سے چنیں اور ذیل کے نقشے میں جگہوں کے صحیح مرکبات لکھیں :



(A) $a$ — کولکاتا، $b$ — سورت، $c$ — وشاکھاپٹنم

(B) $a$ — سورت، $b$ — کولکاتا، $c$ — وشاکھاپٹنم

(C) $a$ — وشاکھاپٹنم، $b$ — سورت، $c$ — کولکاتا

(D) $a$ — کولکاتا، $b$ — وشاکھاپٹنم، $c$ — سورت

8. ہندوستان میں پنج سالہ منصوبوں کے ابتدائی خاکہ کو منظوری دینے والا ادارہ ہے

(A) انڈین پلاننگ کمیشن

(B) مرکزی مالیہ محکمہ

(C) قومی ترقیاتی کونسل

(D) ریزرو بینک آف انڈیا

9. اگر کوئی فرد کار خریدنے کے لئے زر محفوظ جمع کرنا چاہتا ہے تو اُسے بینک میں کس قسم کا کھاتہ کھولنا چاہیئے ؟

(A) بچت کھاتہ (سیونگز بنک اکاؤنٹ)

(B) چالتی یا چالو کھاتہ (کرنٹ اکاؤنٹ)

(C) مکرر ڈپازٹ کھاتہ (ریکرنگ ڈپازٹ اکاؤنٹ)

(D) مقررہ ڈپازٹ کھاتہ (ٹرم ڈپازٹ اکاؤنٹ)

10. ان میں سے وہ کونسی پہلی ہندوستانی کمپنی ہے جسے NASDAQ میں درج ہونا ہے۔

(A) ریلائنس کمپنی

(B) انفوسس ٹکنالوجیز لمیٹیڈ

(C) ویپرو ٹکنالوجیز

(D) بیوکان لمیٹیڈ

II. مندرجہ ذیل سوالوں کا ایک جملے میں جواب دیں : 14 × 1 = 14

11. ہندوستانی مورخین نے زبانی وسائل کو کیوں چنا ؟

12. خالصہ سپاہیوں نے انگریزوں کے خلاف بغاوت کیوں کی ؟

13. یوروپی ممالک کا وہ کونسا ملک ہے جس نے ہندوستان کے ایک حصّہ پر طویل مدت تک حکومت کی ؟

14. کرناٹک حکومت نے دیہی خواتین کی ترقی کے لیے کونسے پروگرام کو نافذ کیا ؟

15. کس نے پہلی بار ''اقوام متحدہ'' کی اصطلاح پیش کی ؟

16. سماجی استحکام سے کیا مُراد ہے ؟

17. بچہ مزدور کون ہیں ؟

18. کس موسم میں تملناڈو میں بارش نہیں ہوتی ہے جبکہ باقی ہندوستان میں ہوتی ہے ؟

19. دکن ٹراپ کے علاقے میں کس قسم کی مٹی پائی جاتی ہے ؟

20. حال میں ہمارے تالابوں میں پانی جمع ہونے کی گنجائش کم ہو رہی ہے۔ کیوں ؟

21. گذربسر کی کاشت سے کیا مراد ہے ؟

22. ہندوستان کے سبز انقلاب کا رہبر کس کو کہتے ہیں ؟

23. راست ٹیکس کونسے ہیں ؟

24. صنعت کار ملک کا سرمایہ ہے۔ کیسے ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو یا تین جملوں میں جواب دیں : 25 × 2 = 50

25. ''سائنسی ترقی نے بحری سفر کی راہ دکھائی۔'' بیان کی توضیح کیجئے۔

26. صلح نامہ سری رنگا پٹنم کے شرائط کیا تھے ؟

27. ہندوستانی سماج کے لئے اینی بیسنٹ کی خدمات کیا ہیں ؟

یا

مسلمانوں کے لئے سر سید احمد خاں نے کیا کیا خدمات انجام دیں؟

28. روس میں اسٹالن نے کون کونسی تبدیلیاں لائیں ؟

29. خواندگی میں اضافہ کرنے کے لئے حکومت کی جانب سے کئے گئے کوئی چار اقدامات لکھئے ؟

30. ''ہندوستان انسانی حقوق برقرار رکھنے کے لئے سخت کوشش کر رہا ہے۔ اس بیان کی توضیح کیجئے۔

31. عورتوں کو با اختیار بنانے میں عورتوں کے خود امدادی گروپوں کی اہمیت بیان کریں۔

32. ''جزیرہ نما سطح مرتفع کی معاشی اہمیت کیا ہیں ؟

33. ہندوستان میں پائے جانے والے کوئی چار قدرتی نباتات کے نام لکھئے ؟

34. توانائی کے وسائل کی کمی کو دور کرنے کے لئے اُٹھائے گئے اقدامات کونسے ہیں ؟

35. جغرافیائی نظام معلومات (G.I.S.) کے استعمالات کونسے ہیں ؟

36. سیلاب کے اسباب کیا ہیں ؟

37. آبادی کی تیز رفتاری سے ہمارے ملک کی ترقی میں رکاوٹ ہے۔ کس طرح ؟

38. فی کس آمدنی ترقی کی جانچ کا صحیح پیمانہ نہیں ہے۔ کیوں ؟

39. آفاقیت (گلوبلائزیشن) کی کوئی چار خصوصیات کی فہرست بنایئے ؟

40. کونسے علاقے ممبئی کرناٹک کہلاتے ہیں ؟

41. بال گنگادھر تلک کے جاری کردہ دو اخباروں کے نام لکھیے۔

42. ہندوستان کی آزادی کے لئے گاندھی جی کی کوئی دو اہم تحریکوں کے بارے میں لکھیے ؟

43. علاقائی تعاون کے تنظیمی اداروں کی فہرست بنایئے ؟

44. نسلی امتیاز کے خلاف جدوجہد کرنے والی عظیم شخصیات کے نام لکھیے ؟

45. بے روزگاری کی کون کونسی قسمیں ہیں ؟

46. ہماچل (وسطی ہمالیہ) میں واقع مشہور پہاڑی مقامات کونسے ہیں ؟

47. ہندوستان میں پائے جانے والے ایٹمی معدنیات کی فہرست بنایئے۔

48. انسانی ترقی کے اشارے کیا ہیں ؟

49. بینک میں کھولے جانے والے مختلف قسم کے کھاتے کونسے ہیں ؟

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ تا آٹھ جملوں میں دیں : 6 × 3 = 18

50. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی (1857) سے نمایاں تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ واضح کریں۔

**یا**

حمل ونقل اور ترسیل کے شعبوں میں ترقی نے ہندوستان کی جدوجہد آزادی کو مشعل راہ دکھائی۔ تشریح کیجئے۔

51. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی نکات کونسے ہیں ؟

یا

ہندوستان کا دوسرے ممالک سے دوستانہ تعلقات رکھنا کیوں ضروری ہے ؟

52. چھوت چھات کے خاتمے کے لئے کونسے دستوری اور قانونی اقدامات کیے گئے ہیں ؟

یا

غیر منظّم مزدوروں کے مسائل کیا ہیں ؟

53. ہندوستان کے مشرقی ساحل اور مغربی ساحل کی بندرگاہوں کی الگ الگ فہرست بنائیے۔

یا

کسی صنعت کے مقامیت کے لئے کونسے عوامل ضروری ہیں ؟

54. لامرکزیت کی روشنی میں مہاتما گاندھی کے گرام سوراجیہ کے تصور کو بیان کیجئے۔

یا

مرکزی حکومت کے بغیر ٹیکس آمدنی کے اہم پہلو لکھئے۔

55. بینک کے کام کونسے ہیں ؟

یا

بیمہ پالیسی حاصل کرتے وقت کن اصولوں کا لحاظ رکھنا پڑتا ہے ؟

V. درج ذیل سوال کا تقریباً آٹھ سے دس جملوں میں جواب لکھئے : 4

56. ''نہرو نے آزاد ہندوستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔'' سمجھائیے۔

VI. 57. ہندوستان کے نقشے کا خاکہ بنائیے اور اس میں مندرجہ ذیل کی نشان دہی کیجئے : 1 + 3 = 4

a) $82\frac{1}{2}^{\circ}$ مشرقی طول بلد

b) بھاکرا ننگل

c) نربدا ویلی پروجیکٹ

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)**

ہمالیہ سے کیا فائدے ہیں ؟ 4